

آج اترپردیش میں قانون کا راج ہے، سرکار بدعنوانی سے نہیں وکاس واد سے چل رہی ہے۔ اسی لئے اترپردیش میں اسکیموں کا فائدہ براہ راست عوام کو مل رہی ہے۔ ریاست میں نئی نئی صنعتوں کی سرمایہ کاری ہو رہی ہے، روزگار کے مواقع بڑھ رہے ہیں۔

**-نریندر مودی**

**وزیر اعظم**

ریاست میں سیکورٹی اور گڈ گورننس کا ماحول بنا ہے۔ آج ریاست میں خواتین سمیت سماج کے سبھی افراد محفوظ محسوس کر رہے ہیں۔ گزشتہ ساڑھے چار برسوں میں ریاستی حکومت کے ذریعہ حاصل کی گئی حصولیابیوں نے پورے ملک اور دنیا میں ریاست کے تئیں نظریہ کو بدلا ہے۔ ریاستی حکومت ریاست کی شبیہ میں مثبت تبدیلی لانے میں کامیاب ہوئی ہے۔

**-یوگی آدتیہ ناتھ**

**وزیر اعلیٰ، اترپردیش**

## آگے بڑھتا اترپردیش

لوگ مطمئن ہیں بجلی جائے گی نہیں، مجرم آئیں گے نہیں اور بڑھتے قدم اب تھمیں گے نہیں، قانون کا راج ہوگا، چاروں طرف ترقی ہوگی اور انتظامیہ کی نظر شفاف ہوگی۔ اپنی حکومت میں یہ بھروسہ ہی سماج کو محفوظ اور زندہ دل بناتا ہے اور یہ ثابت کر دکھایا ہے یوگی آدتیہ ناتھ کی سرکار نے۔

### وزیر اعظم رہائش اسکیم

اترپردیش میں دیہی اور شہری حلقوں میں اب تک 42لاکھ سے زائد مکان تعمیر/منظور کئے جاچکے ہیں۔

### وزیر اعظم کسان سمّان ندھی

اترپردیش میں 2کروڑ 53لاکھ 98 ہزار کسانوں کو اب تک 37,521 کروڑ روپیہ ٹرانسفر کئے جاچکے ہیں۔ اسکیم کی عمل آوری میں یوپی ملک میں سب سے بہتر ریاست کی شکل میں اعزاز یافتہ۔

### مٹی صحت کارڈ

ریاست میں کسانوں کو 3.76 کروڑ سے زائد مٹی صحت کارڈ تقسیم

### وزیر اعظم سورکشا بیمہ یوجنا

اترپردیش میں 2کروڑ 38 لاکھ لوگ انشورڈ، 2لاکھ روپیہ کا لائف انشورنس کوور۔

### آیوشمان بھارت یوجنا

اترپردیش میں 1.18 کروڑ غریب کنبوں کو تقریباً 6کروڑ 47 لاکھ لوگوں کو 5 لاکھ روپیہ تک کا صحت تحفظ کوور۔ وزیر اعلیٰ جن آروگیہ اسکیم کے مستفیدین 5لاکھ روپیہ تک کا علاج کروا سکتے ہیں

### وزیر اعظم کرنسی اسکیم

چھوٹے تاجر اور صنعتکاروں کی مالی حوصلہ افزائی کرنے والی اس اسکیم سے ریاست میں 1.39 کروڑ افراد مستفید

### اٹل پنشن اسکیم

اترپردیش کے 60 برس کی عمر سے زائد 36 لاکھ 60 ہزار 615 افراد مستفید۔ اسکیم پر عمل درآمد میں اترپردیش ملک میں پہلے مقام پر ہے۔

### وزیر اعظم دیہی سڑک اسکیم

اترپردیش میں اب تک 7007 کلومیٹر پکی سڑکوں کی تعمیر

### مہارت ترقیات اسکیم

اترپردیش میں تقریباً 13 لاکھ نوجوانوں کا رجسٹریشن، 8.92 لاکھ نوجوانوں کو ٹریننگ اور 4.10 لاکھ نوجوانوں کو روزگار

### دین دیال اپادھیا دیہی اسکیم

دیہی گزر بسر کو فروغ دینے کے لئے ریاست میں اب تک 10 لاکھ نوجوانوں کو ٹریننگ

# اترپردیش مثبت تبدیلی کی جانب


یوگی سرکار نے اترپردیش کے ہمہ جہت ترقی کے لئے دوراندیش اسکیمیں تیار کر کے انہیں زمین پر اتارا ہے۔ ان اسکیموں کا ہی اثر رہا ہے کہ اترپردیش 54 ماہ میں ریاست کے سر سے بیماروں کا دھبہ ہٹا کر، خوشحال ریاست کی جانب بڑھ گیا ہے۔ اترپردیش نے کھیتی کسانی، بجلی، صحت، تعلیم، سیکورٹی، رہائش، انفراسٹرکچر ہر شعبے میں کامیابی حاصل کی ہے۔ حکومت نے انفراسٹرکچر کے تینوں کے شعبوں سڑک، ہوائی رابطہ اور میٹرو ریل ٹرانسپورٹ کی ترقی کو ترجیح دی ہے۔

وزیر اعلیٰ عہدہ کا حلف لیتے ہی یوگی آدتیہ ناتھ نے نظم ونسق کو درست کرنے، سماج کو مجرمانہ ومافیا راج سے آزاد کرنے اور ماؤں-بہنوں کی عزت وآبرو کی حفاظت کی ہر ممکن کوشش کی ہے۔ یوگی حکومت کے قانون کا ڈنکا بجا تو اترپردیش میں دہائیوں سے پھلا پھولا مافیا راج اور گنڈا راج ختم ہوگیا اور قانون کا راج قائم ہوا۔

# ترقی کی راہ پر اترپردیش

اترپردیش کی ترقی میں سلطانپور، امیٹھی اور رائے بریلی کا اہم تعاون ہے۔ ان اضلاع کو وقت وقت پر ریاست کے ساتھ ہی مرکزی حکومت کی اسکیموں کا فائدہ ملا ہے اور اب یہ اضلاع زراعت، تعلیم، روزگار، صحت، صنعتی ترقی، کھیل، تکنیکی اداروں، ٹرانسپورٹ کے ذرائع سے ترقی کی دوڑ میں مسلسل آگے بڑھ رہے ہیں۔

- **وزیر اعظم فصل بیمہ اسکیم**
اترپردیش میں اب تک 2 کروڑ 21 لاکھ 95 ہزار کسانوں کا رجسٹریشن کرتے ہوئے 27.56 لاکھ کسانوں کو 2376 کروڑ روپے کی تلافی کی ادائیگی کی گئی۔
- **وزیر اعظم کسان مان دھن یوجنا**
یوجنا میں انشورڈ کسان (مرد وعورت) کے لئے 60 برس کی عمر مکمل کرنے پر تین ہزار روپے کی ماہانہ پنشن دینے کا نظم ہے۔ ریاست کے 2لاکھ 52 ہزار 239 مستفیدین کو اس کا فائدہ مل چکا ہے۔



اترپردیش الکٹرانک پالیسی 2020 پر موثر عمل درآمد سے آئندہ 5 برسوں میں 40 ہزار کروڑ روپے کی سرمایہ کاری اور 4 لاکھ افراد کے لئے روزگار وضع کرنے کا ہدف۔



- 177971 جسمانی طور سے معذور افراد کو مصنوعی اعضاء اور معاون آلات کی تقسیم۔



- ریاست کے سبھی 1535 تھانوں میں مہیلا ہیلپ ڈیسک قائم۔



- وزیر اعلیٰ پنچایت حوصلہ افزا انعام اسکیم کے تحت 1025 گاؤں پنچایتوں کو انعام دیا گیا۔



- وزیر اعظم غریب بہبود راشن اسکیم کے تحت ریاست کے 15 کروڑ مجاز لوگوں کو نومبر 2021 تک پانچ کلوگرام فی یونٹ مفت راشن تقسیم کیا جارہا ہے۔
- ریاستی حکومت کی جانب سے بھی 15 کروڑ مجاز لوگوں کو 35 کلوگرام مفت راشن تین ماہ تک دیا گیا۔

پولیس رسپانس سروس کے تحت اگر کوئی عورت سڑک پر تنہا ہے اور 112 پر فون کر کے سیکورٹی طلب کرتی ہے تو پولیس کے ذریعہ اسے منزل تک بحفاظت پہنچانے کا انتظام کیا جارہا ہے۔